**عسکری ادارے، عدلیہ اور پارلیمنٹ سمیت ہر ادارہ اپنے اپنے دائرے میں رہ کر کام کرے اور جمہوریت کی گاڑی کو چلنے دیا جائے۔ الطاف حسین**

**اپوزیشن احتجاج ضرور کرے، صبح شام دھرنا دے لیکن خدارا محاذ آرائی اور لڑائی سے گریز کیا جائے**

**پوری اپوزیشن ملکر این آر او کے معاملے پر مجھ سے مناظرہ کرلے، اگر اپوزیشن مجھے شکست دیدے تو سیاست سے دستبردار ہوجاؤں گا**

**جراتمندی اور صبر واستقامت سے حالات کا سامنا کرنے پر صدر آصف زرداری کو مبارکباد پیش کرتا ہوں**

**مجھے خوشی ہے کہ راجہ پرویز اشرف مڈل کلاس سے تعلق رکھتے ہیں، وہ سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا نہیں ہوئے،**

**پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کوئی سیاسی کارکن ملک کا وزیراعظم بنا ہے**

**راجہ پرویز اشرف ایسی مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کریں کہ لوگ انکے بارے میں تحفظات کا اظہار نہ کریں بلکہ سبحان اللہ کہیں**

**دوہری شہریت کے حامل افراد پر انتخابات میں حصہ لینے پر پابندی کے خاتمہ کا ترمیمی بل جلد از جلد اسمبلی میں پیش کیا جائے**

**ناراض بلوچوں سے مذاکرات کئے جائیں۔ کراچی میں امن وامان کی بہتری اور بھتہ خوری کے خاتمہ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں**

**ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر نومنتخب وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کی آمد کے موقع پر حاضرین سے خطاب اور وزیراعظم سے گفتگو**

لندن:۔۔۔25، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایک مرتبہ پھر واضح الفاظ میں کہا ہے کہ عسکری ادارے، عدلیہ اور پارلیمنٹ سمیت ہر ادارہ اپنے اپنے دائرے میں رہ کر کام کرے اور اپنے اختیارات سے تجاوز نہ کرے اور جمہوریت کی گاڑی کو چلنے دیا جائے۔ انہوں نے اپوزیشن کو چیلنج کیا کہ پوری اپوزیشن ملکر این آر او کے معاملے پر ان سے مناظرہ کرلے اور اگر اپوزیشن انہیں شکست دیدے تو وہ سیاست سے دستبردار ہوجائیں گے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر نومنتخب وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کی آمد کے موقع پر حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم کے ہمراہ وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، سندھ کے گورنر ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سید قائم علی شاہ، ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، دیگر اراکین رابطہ کمیٹی، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے ارکان کے علاوہ ایم کیوایم کے کارکنوں، خواتین اور بزرگوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ جناب الطاف حسین نے نائن زیرو آمد پر وزیراعظم راجہ پرویز اشرف اور انکے رفقاء کا زبردست خیر مقدم کیا اور اردو، سندھی، انگریزی پنجابی اور عربی زبان میں انہیں خوش آمدید کہا۔ انہوں نے وزیراعظم کی کامیابی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی آمد ملک کی سلامتی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے نیک شگون ثابت ہو۔ انہوں نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ راجہ پرویز اشرف مڈل کلاس سے تعلق رکھتے ہیں، وہ سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا نہیں ہوئے، وہ کارکن کی سطح سے کام کرتے ہوئے یہاں تک پہنچے ہیں اور پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کوئی سیاسی کارکن ملک کا وزیراعظم بنا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہمارے ملک میں ادارے موجود ہیں اور اداروں میں تلخیاں اور دوریاں ہوتی ہیں۔ اپنے اپنے دائرہ اختیار سے بڑھکر اقدامات یا فیصلے کرنے کا رجحان نہ صرف اداروں کیلئے نقصان دہ بلکہ جمہوری نظام، ملک کے استحکام، سلامتی اور مستقبل کیلئے بھی نیک شگون نہیں۔ انہوں نے کہا کہ میری مؤدبانہ گزارش ہے کہ عسکری ادارے، عدلیہ اور پارلیمنٹ سمیت ہر ادارہ اپنے اپنے دائرے میں رہ کر کام کرے، اپنے اختیارات سے تجاوز نہ کرے اور جمہوریت کی گاڑی کو چلنے دیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے جراتمندی اور صبر واستقامت سے حالات کا سامنا کرنے پر صدر آصف زرداری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس کڑے وقت میں انہوں نے جس طرح چار سال گزارے وہ کوئی مضبوط اعصاب والا فرد ہی کرسکتا ہے۔ صدر زرداری نے سپریم کورٹ کے تمام فیصلوں پر صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی نااہلی، امریکہ میں پاکستان کے سفیر حسین حقانی کی برطرفی، رکن قومی اسمبلی فرح ناز اصفہانی اور وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی پارلیمنٹ کی رکنیت سے نااہلی جیسے معاملوں پر صدر آصف زرداری اور پوری پیپلز پارٹی نے صبر سے کام لیا اور میں نے بھی بہت صبر سے کام لیا۔ انہوں نے اپوزیشن سے درخواست کرتے ہوئے کہا کہ تھوڑا عرصہ رہ گیا ہے، آپ نے جہاں اتنا صبر کیا تھوڑا انتظار کرلیں اور جمہوریت کی گاڑی کو چلنے دیں۔ آہستہ آہستہ عوام بہتر سے بہتر نمائندگان چننے میں اپنا مثبت کردار ادا کریں گے۔ چوراچکوں اور قومی خزانہ لوٹنے والوں کا بائیکاٹ کریں گے اور اچھے لوگوں کا ساتھ دیں گے اور یہ اسی صورت میں ہوسکتا ہے جب جمہوریت کی گاڑی چلتی رہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کے تمام حلقے، سیاسی جماعتیں اور ارباب اختیار ہوش کے ناخن لیں، امریکی بحری بیڑے پاکستان کی حدود میں داخل ہوچکے ہیں، اس وقت لڑائی جھگڑے کے بجائے اتحاد کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے اپوزیشن سے کہا کہ وہ احتجاج ضرور کرے، صبح شام دھرنا دے، احتجاج اس کا آئینی وقانونی اور جمہوری حق ہے لیکن خدارا محاذ آرائی اور لڑائی سے گریز کیا جائے۔ تاجر، صنعتکار، محنت کش اور عوام مہنگائی، بیروزگاری اور توانائی کے

بحران سے پریشان ہیں، وہ بھی خوب احتجاج کریں لیکن پرامن طور پر کریں اور سرکاری اور نجی املاک کو نقصان نہ پہنچائیں اور ایک مہذب قوم کا کردار ادا کریں۔انہوں نے وزیراعظم سے کہا کہ وہ پنجاب اور کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ اور توانائی کے بحران پر قابو پانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں راجہ پرویز اشرف پانی وبجلی کے وزیر تھے،لوگ ان کے بارے میں بہت سے تحفظات رکھتے ہیں مگر گرتے ہیں شہسوار ہی میدان جنگ میں ۔یقیناً وزیراعظم نے ماضی کی وزارت سے سبق سیکھا ہوگا۔انہوں نے وزیراعظم سے کہا کہ وہ ماضی کے تجربات کوسامنے رکھتے ہوئے ایسے جراتمندانہ فیصلے کریں اورایسی مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کریں کہ لوگ ان کے بارے میں تحفظات کا اظہار نہ کریں بلکہ سبحان اللہ کہیں ۔جناب الطاف حسین نے وزیراعظم راجہ پرویز اشرف سے کی توجہ دوہری شہریت کے حامل افراد پر انتخابات میں حصہ لینے پر پابندی کی طرف مبذول کراتے ہوئے کہا کہ اس پابندی کے خاتمہ کیلئے آئینی ترمیم کا بل جلد از جلد قومی اسمبلی میں پیش کیا جائے کیونکہ دوہری شہریت رکھنے والے پاکستانی ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اوراگر ریڑھ کی ہڈی کوتوڑ دیا گیا تو جسم فالج زدہ ہوجائے گا۔بلوچستان کے مسئلہ کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسئلے پر فوری توجہ دی جائے اوراس ضمن میں سنجیدہ اقدامات کئے جائیں،بلوچستان میں حقوق کا مطالبہ کرنے والے بلوچوں کوطاقت سے دبانے اورانکے ماورائے عدالت قتل کے بجائے ان کی بات سنی جائے اور پہاڑوں پر بیٹھے ہوئے ناراض بلوچوں سے مذاکرات کئے جائیں۔کراچی میں امن وامان کی بہتری اور بھتہ خوری کے خاتمہ کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں اور تاجروں،دکانداروں اورشہریوں کوتحفظ فراہم کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سے کہا کہ کاروکاری،ونی اور غیرت کے نام پر قتل،فرسودہ رسومات،ان پر تیزاب پھینکنے اور دیگر طریقوں سے خواتین پر ہونے والے مظالم کا سلسلہ بند کرایا جائے ، خواتین پر ہونے والے مظالم کے خلاف قانون سازی پر عمل درآمد کرایا جائے اور خواتین کو غیرت کے نام پر قتل اور مظالم کا نشانہ بنانے والوں کوسرعام سزا دی جائے۔انہوں نے وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کی توجہ صحافی برادری کے دیرینہ مسئلے ویج بورڈ ایوارڈ کی طرف بھی دلائی اوران سے مطالبہ کیا کہ ساتویں ویج ایوارڈ پر فی الفور عمل درآمد کرایا جائے اور جو ٹی وی چینل اوراخبارات ویج ایوارڈ پر عمل نہ کریں ان کے لائسنس منسوخ کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے وزیراعظم راجہ پرویز اشرف اورانکے رفقاء کا شاندار استقبال کرنے پر ایم کیوایم کے تمام رہنماؤں،نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کے ارکان، دیگر کارکنوں،خواتین اور بزرگوں کوشاباش اورخراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان سے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ آپ نے میرے غریب خانے پر آنے والے مہمانوں کے شاندار استقبال کی روایت کوقائم رکھا۔قبل ازیں جب وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نائن زیرو پہنچے تو جناب الطاف حسین نے اپنے 120 گز کے چھوٹے سے گھر کے ڈرائنگ روم میں وزیراعظم کا بذریعہ ٹیلیفون خیرمقدم کیا۔انہوں نے کہا کہ میں اپنے اس چھوٹے سے غریب خانے پر آپ کوخوش آمدید کہتا ہوں۔آپ کا آنا ملک کی سلامتی وخوشحالی کیلئے نیک ثابت ہو۔ مجھے خوشی ہے کہ آپ نچلی سطح سے محنت کرتے ہوئے اس مرتبہ تک پہنچے ہیں اوراب ملک کوایسے ہی مڈل کلاس وزیراعظم کی ہے ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ نائن زیرو چھوٹا سا گھر ہے اوراب یہ روایت قائم ہونی چاہیے کہ صدور اور وزرائے اعظم بھی چھوٹے سے گھروں سے آئیں۔انہوں نے وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کو اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ میں آپ کی رہنمائی کیلئے ہروقت تیار ہوں،میرا مشورہ غلط ہوسکتا ہے مگر اس میں بے ایمانی نہیں ہوگی۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سے کہا کہ میں وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ کی موجودگی میں ایک بار پھر یہ یقین دلاتا ہوں کہ میں سندھ کا بیٹا ہوں،سندھ میری دھرتی ہے اور میں سندھ کی تقسیم نہیں چاہتا۔اس موقع پر وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے نائن زیرو پر اپنے شاندار استقبال پر جناب الطاف حسین کا دلی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے ساتھیوں نے میرا جس طرح محبت سے میرا استقبال کیا ہے وہ میرے لئے ناقابل فراموش ہے۔انہوں نے کہا کہ میں مڈل کلاس سے تعلق رکھتا ہوں اوراس پر مجھے فخر ہے۔میں نے ہرقسم کے حالات کا سامنا کیا،دریاں بچھائیں اورعام کارکنوں کی طرح کام کرکے یہاں تک پہنچا۔وزیراعظم نے جناب الطاف حسین سے اپنے لئے دعاؤں کی درخواست کی اورانہیں یقین دلایا کہ دونوں جماعتوں کے رہنما مسائل کیلئے حل کیلئے باہمی مشورے سے ملکر کام کریں گے اور ملکر آگے چلیں گے۔

## نائن زیرو آنا ایک مدت سے میرا خواب تھا۔وزیراعظم راجہ پرویز اشرف

لندن:۔۔۔25 جون 2012ء

وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو آمد کے موقع پر جناب الطاف حسین سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میری آپ سے ملاقات نہیں ہوئی اور میں نے نائن زیرو بھی نہیں دیکھا تھا۔نائن زیرو آنا ایک مدت سے میرا خواب تھا کہ میں یہاں آؤں اور یہاں کی آرگنائزیشن دیکھوں۔اللہ تعالیٰ نے آج میرا یہ خواب پایہ تکمیل کو پہنچایا اور میں بطور خادم یہاں آیا ہوں۔میری آپ سے ملنے اورآپ کودیکھنے کی بھی بہت خواہش ہے اور میں لندن آکرآپ سے ضرور ملاقات کروں گا۔

## نومنتخب وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی وفد کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات
## نائن زیرو پہنچنے پر وزیراعظم کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں
## جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سے خصوصی ٹیلی فونک گفتگو کی اور نائن زیرو پر دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا

کراچی۔۔۔25، جون 2012ء

نومنتخب وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے پیر کی شام ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار اور محترمہ نسرین جلیل سے ملاقات کی۔ وفد میں وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ شامل تھے جبکہ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، ڈاکٹر صغیر احمد، وسیم آفتاب، حق پرست سینیٹر بابر خان غوری، ارکان قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی اور وسیم اختر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، سماجی، معاشی اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم جب نائن زیرو پہنچے تو دوطرفہ طویل قطار میں کھڑے خواتین اور مرد کارکنان نے ان کا شاندار استقبال کیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ نائن زیرو پر ملاقات کے دوران وزیراعظم سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے خصوصی ٹیلی فونک گفتگو کی اور انہیں نائن زیرو آمد پر دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا۔

## یہ کیا عجب اتفاق ہے کہ ''پرویز'' نام کے لوگ ہی اقتدار اور اعلیٰ منصب پر فائز ہو رہے ہیں
## پہلے پرویز مشرف، پھر اشفاق پرویز کیانی اور اب راجہ پرویز اشرف
## ممتاز آسٹرولوجسٹ المعروف ''ماموں'' اس پر ضرور روشنی ڈالیں۔ الطاف حسین

لندن:۔۔۔25 جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر نومنتخب وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کی آمد کے موقع پر حاظرین سے خطاب کرتے ہوئے ایک دلچسپ نکتہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ میں ایک بات نوٹ کر رہا ہوں جو نہایت دلچسپ اتفاق ہے اور میں ٹی وی اور مختلف پروگراموں میں ستاروں اور سیاروں کی چال بتانے والے ممتاز آسٹرولوجسٹ المعروف ''ماموں'' سے گزارش کروں گا کہ وہ اس پر ضرور روشنی ڈالیں کہ یہ کیا عجب اتفاق ہے کہ گزشتہ کچھ عرصہ سے ایک ہی نام کے لوگ اقتدار اور اعلیٰ منصب پر فائز ہو رہے ہیں۔ پہلے سابق صدر اور آرمی چیف جنرل پرویز مشرف تھے۔ پھر اشفاق پرویز کیانی چیف آف آرمی اسٹاف بنے اور اب راجہ پرویز اشرف وزیراعظم کے عہدے پر فائز ہوئے ہیں ان کے نام میں بھی پرویز ہے۔ یہ کیا معاملہ ہے؟ انہوں نے کہا کہ جو بھی آ رہے ہوں ان کی آمد ملک کی سلامتی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے نیک شگون ثابت ہو۔

## ''جلسہء پیغام محبت'' سے مظلوم قومیتوں کے درمیان جس پیار، محبت، یگانگت، بھائی چارے اور اتحاد کو فروغ ملا ہے وہ بے مثال ہے، الطاف حسین
## جلسہء پیغام محبت کو تاریخ ساز کامیابی سے ہمکنار کرانے پر پختون، ہندکو اور ہزارے وال نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین سے دلی تشکر کا اظہار

لندن۔۔۔25، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہونے والے ''جلسہء پیغامِ محبت'' میں شرکت کر کے اسے تاریخ ساز کامیابی سے ہمکنار کرانے پر پختون، پشتون، ہندکو اور ہزارے وال نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ ''جلسہء پیغامِ محبت'' سے مظلوم قومیتوں کے درمیان جس پیار، محبت، یگانگت، بھائی چارے اور اتحاد کو فروغ ملا ہے وہ بے مثال ہے۔ جلسہء پیغام محبت کی فقیدالمثال کامیابی پر اپنے ایک تہنیتی پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مظلوم پختون، ہزارے وال، ہندکو اور اردو بولنے والے عوام آپس میں اتحاد اور بھائی چارے سے رہنا چاہتے ہیں اور ایم کیو ایم کے جلسہء پیغام محبت میں لاکھوں کی تعداد میں پختون ، ہزارے وال اور ہندکو عوام نے شرکت کر کے دنیا پر ثابت کر دیا ہے کہ وہ ایم کیو ایم کے پرچم تلے نہ صرف با محفوظ محسوس کرتے ہیں بلکہ ایم کیو ایم کو ہی ملک کی تمام مظلوم قومیتوں کا نجات دہندہ تسلیم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو نفرتوں کی نہیں بلکہ اتحاد و اتفاق کی ضرورت ہے اور ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم سے ہزارے وال، پختون اور ہندکو عوام کے اتحاد کا عظیم الشان مظاہرہ تاریخی ہے اور اس اتحاد و یکجہتی کے مظاہرے نے ایم کیو ایم کے بارے میں مختلف قومیتوں کے درمیان نفرتوں کے بیج بونے والے سازشی عناصر کے تابوت میں آخری کیل ٹھونک دی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ایک بار پھر جلسہء پیغام محبت کی تاریخ ساز کامیابی پر پختون، ہندکو، ہزارے وال عوام، ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو بھی دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔

## ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی ہمشیرہ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کی خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

## ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی امریکی عدالت کی جانب سے سزا کیخلاف چلائی جانیوالی مہم کے سلسلے میں امریکی حکام کو بھیجے جانیوالے پوسٹ کارڈ (Independence Day Appeal Dr.Afia) پر دستخط بھی کئے

کراچی:۔۔۔25، جون 2012ء

ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی ہمشیرہ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے ایک وفد کے ہمراہ پیر کے روز خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی امریکی جیل سے رہائی کے سلسلے میں کی جانے والی کوششوں کو سراہا۔اس موقع پر ڈاکٹر فوزیہ نے ڈاکٹر ستار سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے سلسلے میں ''فری ڈاکٹر عافیہ'' کے نام سے ایک مہم کا آغاز کیا جارہا ہے اس سلسلے میں امریکی حکام کو بزریعہ پوسٹ کارڈ (Independence Day Appeal Freee Dr.Afia) بھیجے جارہے ہیں جس میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی امریکی قید سے رہائی کی اپیل ہے،اس موقع پر ڈاکٹر فوزیہ نے ڈاکٹر فاروق ستار سے درخواست کی کہ وہ اس مہم کے سلسلے میں اپنا بھرپور کردارادا کریں۔اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے ڈاکٹر فوزیہ کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ بعدازاں ڈاکٹر فاروق ستار نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی امریکی عدالت کی جانب سے سزا کیخلاف چلائی جانیوالی مہم کے سلسلے میں امریکی حکام کو بھیجے جانیوالے پوسٹ کارڈ (Independence Day Appeal Free Dr. Afia) پر دستخط بھی کئے،جس پر ڈاکٹر فوزیہ نے انکا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں رکن رابطہ کمیٹی رضا ہارون،قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر حیدرعباس رضوی،حق پرست حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی بھی موجود تھے۔

## پیغام محبت جلسہ عام میں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے نہ صرف سازشی عناصر کو بے نقاب کیا

## جناب الطاف حسین ملک کے واحد لیڈر ہیں جنہوں نے تمام زبانیں بولنے والوں کو ایک لڑی میں پرویا

## اور ملک میں امن وامان برقرار رکھنے میں ہمیشہ اپنا بھرپور کردار ادا کیا،فرید احمد خان

میرپورخاص۔۔۔25 جون، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون کے انچارج فرید احمد خان نے جناح ہال بلدیہ کمپلیکس میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کے پختون اور ہزارے وال عوام سے کئے جانے والے خطاب کو بڑی ڈیجیٹل اسکرین پر دکھائے جانے والے پروگرام میں شریک ایم کیو ایم کے کارکنان اور حق پرست عوام سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے مزید کہا کہ کراچی میں ہونے والے پیغام محبت جلسہ عام میں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے نہ صرف سازشی عناصر کو بے نقاب کیا بلکہ عام افراد کو ان سازشوں سے باخبر بھی کیا جو کراچی میں رہنے والے تمام لوگوں کے درمیان کی جاتی رہی ہیں اور جس سے ملک دشمن عناصر لسانی فسادات کروا کر ملک کی معیشت کو تباہ و برباد کر کے ملک کو دیوالیہ کرنا چاہتے ہیں،انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خیبر پختونخواہ سے لیکر کراچی تک تمام پختون کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کیلئے ات کی جبکہ چند مفاد پرست عناصر پختون بھائیوں کو لسانیت کی بنیاد پر لڑوا کر تنہا کرنا چاہ رہے ہیں تاکہ انہیں اپنے ناپاک مقاصد کیلئے استعمال کیا جاسکے۔اس موقع پر حق پرست عوام نے جناب الطاف حسین کی جانب سے باہمی احترام کی اپیل پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین ملک کے واحد لیڈر ہیں جنہوں نے تمام زبانیں بولنے والوں کو ایک لڑی میں پرویا اور ملک میں امن وامان برقرار رکھنے میں ہمیشہ اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔

## سینئر صحافی واسپورٹس رپورٹر نصر اقبال کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔25، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وایم کیو ایم شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے سینئر صحافی اور روزنامہ جنگ کے اسپورٹس رپورٹر نصر اقبال کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے نصر اقبال سمیت مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔25، جون 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکن فرہاج رئیس احمد خان کے والد محمد رئیس خان، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 55 کے کارکن فرحان اعجاز کے صاحبزادے دردانہ اعجاز اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے کارکن ارباب کے والد شہاب الدین کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆